جب تک میں تمہیں چھوڑ رکھوں تم بھی مجھ چھوڑ رکھو (اور بے جا سوالات نہ کرو)؛ کیونکہ تم سے پہلے کی امتیں (غیر ضروری) سوالات کرنے اور اپنے انبیا سے اختلاف کرنے کی وجہ سے تباہ ہو گئیں

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم نے فرمایا: "جب تک میں تمہیں چھوڑ رکھوں تم بھی مجھ چھوڑ رکھو (اور بے جا سوالات نہ کرو)؛ کیونکہ تم سے پہلے کی امتیں (غیر ضروری) سوالات کرنے اور اپنے انبیا سے اختلاف کرنے کی وجہ سے تباہ ہو گئیں چنانچہ جب میں تمہیں کسی چیز سے روکوں تو تم اس سے دوری اختیار کرو اور جب میں تمہیں کسی بات کا حکم دوں تو اسے طاقت بھر بجا لاؤ"

[صحیح] [متفق علیہ]

اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ و سلم نےفرمایا کہ شرعی احکام کی تین قسمیں ہیں: وہ احکام جن سے خاموشی برتی گئی ہے، نواہی، اوامر جہاں تک پہلی قسم یعنی ان احکام کا تعلق ہے، جن کے بارے میں شریعت خاموش ہے، کوئی حکم وارد نہیں ہوا ہے، تو یاد رہے کہ اشیا میں اصل عدم وجوب ہے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ و سلم کے عہد میں اس اندیشے کے تحت کے کہیں وجوب یا تحریم نازل نہ ہو جائے، کسی ایسی چیز کے بارے میں سوال نہ کرنا ضروری تھا، جو سامنے نہ آئی ہو کیوں کہ اللہ نے بندوں پر رحمت کے طور پر اسے چھوڑ رکھا تھا لیکن آپ کی وفات کے بعد سوال اگر فتوی لینے یا دین کے ضروری مسائل کا علم حاصل کرنے کے ارادے سے کیا جائے، تو نہ صرف یہ کہ جائز، بلکہ مامور بہ ہے لیکن سوال اگر تعنت اور تکلف کے طور پر ہو، تو اس حدیث کی رو سے اس طرح کا سوال کرنا منع ہوگا کیوں کہ اس طرح کا سوال بالآخر اسی طرح کی صورت حال پیدا کر سکتی ہے، جو بنی اسرائیل کے لیے پیدا ہوئی تھی ہوا یہ تھا کہ ان کو ایک گائے ذبح کرنے کا حکم دیا گیا تھا ایسے میں اگر کوئی بھی گائے ذبح کر دیتے، تو حکم کی تعمیل ہو جاتی، لیکن انھوں نے بال کی کھال نکالنی شروع کی، تو ان کے لیے راہ تنگ ہوتی چلی گئی دوسری قسم منہیات کی ہے یعنی وہ کام جن کے چھوڑنے والے کو ثواب ملے گا اور کرنے والے کو سزا ہوگی لہذا اس طرح کے کاموں سے دور رہنا واجب ہے تیسری قسم اوامر کی ہے یعنی وہ کام جن کے کرنے والے کو ثواب ملے گا اور چھوڑنے والے کو سزا اس طرح کے کاموں کو، جب تک قدرت ہو، کرنا واجب ہے

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/4295